08/07/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  عابدہ اختر سے خبریں سُنئے

وزیراعظم

میں دو روزہ برکس سربراہی اجلاس میں شرکت کے  Rio de Janeiro وزیر اعظم نریندر مودی پہنچ گئے ہیں جہاں ان کا شاندار استقبال کیا گیا ۔وزیر اعظم دیگر مصروفیات کے  Brasilia بعد کے ساتھ باہمی دلچسپی کے شعبوں میں دونوں  Lula da Silva ساتھ ساتھ برازیل کے صدر ممالک کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو وسعت دینے پر دو طرفہ بات چیت کریں گے۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ وادی کشمیر ہمیشہ مذہبی روا داری اور آپسی بھائی چارے کی ایک عظیم مثال رہی ہے ۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ یہ روایات آگے بھی جاری رہے گی ۔ ماتا سدھ لکشمی مندر لوک بھون لارکی پورہ اننت ناگ میں حاضری دینے اور ہاربابہ اُتسومیں شرکت کے بعد شردھالوں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ اب مختلف طبقوں کے تہواروں میں سبھی مذاہب اور فرقوں کے لوگ شرکت کر رہے ہیں۔

بعد میں آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ حال ہی میں محرم الحرام کی تقریبات احسن طریقے پر اختتام پذیر ہوئیں اور سالانہ شری امر تھ جی یاترا بھی خوش اسلوبی سے جاری ہے۔

سیاحت

سیاحت کے مرکزی وزیر گیجندر سنگھ شیخاوت نے کہا ہے کہ پہلگام حملے کے بعد وادی میں سیاحتی منظر نامہ رفتہ رفتہ اپنی ڈگر پر لوٹ رہا ہے ۔ انہوننے سرینگر میں میڈیا کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہاکہ مرکزی سرکار یہاں کے سیاحتی سیکٹر کو دوام بخشنے کیلئے ہر ممکن مدد فراہم کرے گی ۔انہوننے کہا۔

## یاترا

دنوں پر مشتمل سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا پہلگام اور بال تل دونوں راستوں سے خوش 38 اسلوبی سے جا ری ہے۔ تین جولائی کو یاترا شروع ہونے سے کل شام تک 93 ہزار تین سو سے زیادہ یاتریوں نے پوتر گپھا میں شیولنگم کے درشن کئے ۔ اس دوران جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج صبح 309 گاڑیوں میں سوار مزید 7 ہزار 541 یاتریونکا7 واں قافلہ وادی کی طرف روانہ ہوا ہے ۔

## ترن کپور

وزیر اعظم کے مشیر ترن کپور نے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ میں جموں کشمیر کے ترقیاتی منظر نامے کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے یوٹی میں توانائی ، صحت ، انفراسٹرکچر ، شہری تجدید ، رابطے اور حکمرانی کی اصلاحات کی ترقیاتی رفتار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ میٹنگ میں چیف سکریٹری اٹل ڈلو اور دیگر تمام متعلقہ سینئر افسران موجود تھے ۔ مشیر نے بروقت عملدرآمد ، بین ایجنسی تال میل کے ساتھ منصوبوں کی ترقی کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے جموں و کشمیر کو ترقی کے میدان میں اعلیٰ ترجیح دینے کے مرکز کے عزم کا اعادہ کیا۔

## ایل جی ملاقات

بہار کے گورنر عارف محمد خان نے راج بھون سرینگر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہاسے ملاقات کی ۔دریں اثناءضلع بارہمولہ کی گوردوارہ پربندھک کمیٹی کے ایک وفد نے بھی کمیٹی کے صدر پرمجیت سنگھ کی سربراہی میں لیفٹیننٹ گورنر سے ملاقات کی ۔ وفد نے یو ٹی میں سکھ برادری کی فلاح و بہبود اور بااختیار بنانے سے متعلق مختلف مسائل ایل جی کی نوٹس میں لائے ۔ لیفٹیننٹ گورنر نے وفد کو یقین دلایا کہ ان کی طرف سے اٹھائے گئے مسائل کو حل کرنے کے لئے مناسب کارروائی کی جائے گی۔

## حج

حج کمیٹی آف انڈیا نے حج 2026 کے سلسلے میں آن لائن درخواستیں طلب کی ہیں ۔ خواہشمند اور موبائل hajcommitte.gov.in عازمین 31 جولائی 2025 تک اپنی درخواستیں ویب سائٹ ایپلی کیشن حج سُوِدھا پر جمع کرا سکتے ہیں ۔عازمین کے لئے لازمی ہے کہ ان کا پاسپورٹ 31 دسمبر 2026 تک Valid ہو ۔

**درجہ حرارت**

**سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24 اعشاریہ 7 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت**

**خدا حافظ**